بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محاضراتِ قرآنی

حرفِ اول

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام ہر سال محاضرات قرآنی کا انعقاد بالعموم مارچ یا اپریل کے مہینے میں ہوتا ہے۔ اس بار محاضرات کا پروگرام قدرے اچانک بن گیا۔ اوائل مارچ تک محاضرات کے بارے میں کوئی بات طے نہیں تھی لیکن ۱۱/ مارچ کو ٹیکساس ٹیک یونیورسٹی (امریکہ) کے شعبہ نیوکلیئر فزکس کے پروفیسر ڈاکٹر محمد عارفین لودھی سے مرکزی انجمن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی نیویارک میں اچانک ملاقات محاضرات کے فوری انعقاد کا پیش خیمہ بن گئی۔ محترم ڈاکٹر صاحب اس سال ماہ رمضان المبارک میں انگریزی زبان میں دورۂ ترجمہ قرآن کی تکمیل کے خیال سے نیویارک تشریف لے گئے تھے اور ۱۱/ مارچ ہی کو ان کی پاکستان مراجعت تھی۔ (محترم ڈاکٹر صاحب کے گھٹنوں کی تکلیف کے زور پکڑ جانے کے باعث دورۂ ترجمہ قرآن کا پروگرام تو نہ ہو سکا تاہم دونوں گھٹنوں کا ایک چھوٹے درجے کا آپریشن کرانے کے بعد کچھ افاقہ ہونے پر متعدد دروس قرآن اور خطابات کے پروگرام ہوئے اور انگریزی زبان میں منتخب نصاب کے دروس کی ریکارڈنگ بھی بحمد اللہ مکمل ہو گئی جس کا اکثر حصہ گزشتہ سال کے دورۂ امریکہ کے دوران Cover ہو گیا تھا۔

ڈاکٹر لودھی صاحب کا شمار فزکس کے میدان کے ماہرین میں ہوتا ہے اور امریکہ ہی سے نہیں دنیا بھر کی چوٹی کی یونیورسٹیوں سے انہیں فزکس سے متعلق موضوعات پر لیکچر دینے کے لئے مدعو کیا جاتا ہے۔ انہیں محترم ڈاکٹر صاحب کے ساتھ اسی فلائٹ سے پاکستان آنا تھا' جہاں حکومت پاکستان کی دعوت پر انہیں اسلام آباد میں "اسلام اور سائنس" کے زیر عنوان کانفرنس میں شرکت کرنی اور اپنا مقالہ پیش فرمانا تھا۔ اسلام اور قرآن کے ساتھ ڈاکٹر لودھی کی دلچسپی کا یہ مظہر سامنے آیا کہ وہ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے دروس قرآن کے کیسٹوں کے حوالے سے پہلے ہی مرکزی انجمن اور اس کے کام سے متعارف تھے۔ وہ ایک صحیح العقیدہ مسلمان ہی نہیں باعمل سکالر بھی ہیں۔ چنانچہ محترم ڈاکٹر صاحب کی دعوت پر انہوں نے محاضرات قرآنی میں بطور مہمان مقرر اسلام اور سائنس کے حوالے سے لیکچر دینے پر بلاتامل آمادگی ظاہر کی' اور اس طرح محاضرات قرآنی کا پروگرام تشکیل پا گیا۔

(باقی صفحہ ۴۵ پر)